## کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی جارہی ہے، الطاف حسین

## عوام اپنے اتحاد سے فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنادیں

لندن۔۔۔9جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قتل کی وارداتوں کو کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازش کا حصہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ کئی دنوں سے کراچی کے مختلف علاقوں میں مخصوص مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کے بہیمانہ قتل کا سلسلہ جاری ہے جس کا مقصد کراچی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضاء کو سبوتاژ کرکے شہر میں شیعہ سنی فسادات کی آگ بھڑکانا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ کئی برسوں سے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام کراچی میں امن وسکون سے رہ رہے ہیں۔ایم کیوایم کی کاوشوں سے نہ صرف شیعہ سنی فسادات کا خاتمہ ہوگیا ہے بلکہ تمام مکاتب فکر کے عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی بھی فروغ پارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جوعناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے بے گناہ شہریوں کا لہو بہارہے ہیں اور کراچی میں فرقہ واریت کی آگ بھڑکا کر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کررہے ہیں وہ کراچی اور اس کے شہریوں کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وزیرداخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بے گناہ افراد کے قتل اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہر کا امن سکون غارت کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کاروائی کی جائے۔جناب الطاف حسین نے فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کے تحت بے گناہ افراد کے قتل پر افسوس کا اظہار کیا اور جاں بحق افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام بالخصوص اہل تشیع اور سنی عوام سے اپیل کی کہ وہ کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش سے ہوشیار رہیں اور اپنے اتحاد سے فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنادیں۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن (APMSO) کا 32واں یوم تاسیس جمعہ کو ملک بھر میں منایا جائے گا

## کراچی سمیت ملک بھر کے 30 مقامات پر کارکنان کے اجتماعات منعقد ہوں گے

## الطاف حسین اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔9،جون2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن (APMSO) کا 32واں یوم تاسیس بروز جمعہ مورخہ 11 جون 2010 کو ملک بھر میں تنظیمی جوش وخروش سے منایا جائے گا۔اس سلسلے میں صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں کارکنان کے اجتماعات منعقد ہوں گے، مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا جس میں ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان کے علاوہ حق پرست منتخب نمائندگان اور رابطہ کمیٹی کے ارکان شرکت کریں گے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین کراچی سمیت ملک بھر میں 30 مقامات پر منعقد ہونے والے یوم تاسیس کے اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔دریں اثناء اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے موقع پر ملک بھر کے کارکنان میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے اور ملک کے مختلف شہروں میں یوم تاسیس کی تقریبات کے سلسلے میں انتظامات کئے جارہے ہیں۔واضح رہے کہ 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طلبہ تنظیم اے پی ایم ایس او کی بنیاد رکھی تھی جس کے بطن سے ایم کیوایم نے جنم لیا جو کہ دنیا بھر میں پاکستان کی تیسری بڑی سیاسی قوت کے طور پر جانی جاتی ہے۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی کی ہمشیرہ محترمہ صالحہ بانو کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی کی ہمشیرہ محترمہ صالحہ بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی کی ہمشیرہ محترمہ صالحہ بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم YMCA کی سابقہ حیثیت کی بحالی کیلئے مسیحی برادری کے ساتھ ہے، رابطہ کمیٹی
## YMCA کو کاروباری مقاصد کیلئے استعمال کرنے کا نوٹس لیا جائے

کراچی۔۔۔9/جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے YMCA کے مقاصد بالائے طاق رکھ کر اسے کاروباری مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض مفاد پرست عناصر YMCA کے بنیادی مقاصد کو بالائے طاق رکھ کر اس ادارے کو کاروباری مقاصد کیلئے استعمال کررہے ہیں جس کی وجہ سے مسیحی برادری میں گہری تشویش پائی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ YMCA کو کاروباری مقاصد کیلئے استعمال کرنے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے ،اس کے ذمہ داروں کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے اور مسیحی برادری کی خواہشات کے مطابق YMCA کی سابقہ حیثیت بحال کرائی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مسیحی برادری کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم YMCA کے غلط استعمال کے سخت خلاف ہے اور YMCA کی سابقہ حیثیت کی بحالی کیلئے مسیحی برادری سے ہرممکن تعاون کرتی رہے گی۔

## کراچی کے عوام پر بجلی کے نرخوں میں اضافہ کا بوجھ ڈال کر مزید بدحال کرنے کے بجائے
## کے ای ایس سی کی ناقص کارکردگی کو بہتر بنایا جائے، ارکان سندھ اسمبلی
## نیپرا کی جانب سے بجلی کے نرخوں میں اضافہ کے غیر منطقی اور ظالمانہ اقدام کو فی الفور واپس لیا جائے

کراچی۔۔۔9، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ نیپرا کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفیکیشن میں جون 2010ء سے دسمبر 2010ء تک مجموعی طور پر فی یونٹ 5روپے 22 پیسے اضافہ کے غیر منطقی اقدام کو تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے مسترد کردیا ہے اور ایم کیوایم عوامی خواہشات کے منافی اس اقدام کے خلاف ہرسطح پر صدائے احتجاج بلند کرے گی۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی پہلے ہی عوام کو بجلی کی مستقل فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے اور کے ای ایس سی کی ناقص کارکردگی ،طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ سے عوام بیزار ہوچکے ہیں اور تنگ آکر سڑکوں پر احتجاج کرتے دکھائی دے رہے ہیں اور ایسے حالات میں نیپرا کی جانب سے ایک مرتبہ پھر کراچی کے عوام پر بجلی کے نرخوں میں اضافہ کا بوجھ ڈالنا سراسر ظلم اور کراچی کی معیشت کو تباہی کے دہانے پر پہنچا کر ملک وقوم کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے مترادف ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ نیپرا کی جانب سے کراچی میں کئے گئے بجلی کے نرخوں میں اضافہ کے غیر منطقی اقدام کو فی الفور واپس لیا جائے اور عوام پر بجلی کے نرخوں میں اضافہ کا بوجھ ڈال کر مزید بدحال کرنے کے بجائے کے ای ایس سی ناقص کارکردگی کو درست کیا جائے اور اس سلسلے میں مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆